# لبرے آفس Writer کے لئے ہدایات

اسپوکن ٹیوٹوریل ٹیم

آئی آئی ٹی بومبے

## ۱۔ آنلائن/آفلائن کنٹینٹ

۱۔اسپوکن ٹیوٹوریل کا آنلائن کنٹینٹ تک اس ویب سائٹ سے رسائی کی جاسکتی ہے۔

http://spoken-tutorial.org/tutorial-search

۲۔آپ اسپوکن ٹیوٹوریل کو آفلائن سیکھنے کیلیئے اس لِنک سے ڈاونلوڈ کر سکتے ہیں:

http://spoken-tutorial.org/cdcontent

۳۔آپ جس زبان میں سیکھنا چاہتے ہیں اُس زبان میں FOSS کے زمرے کو اس لِنک سے ڈاونلوڈ کریں۔

۴۔اسپوکن ٹیوٹوریل کنٹینٹ آپکی مشین پر ایک zip فائل کی شکل میں ڈاونلوڈ کیا جائیگا۔

۵۔فائل کے کنٹینٹ کو ایکسٹریکٹ کریں اور اُنکو ایکسیس یعنی رسائی کریں۔

## ۲۔مشق کرنے کا طریقہ

۱۔آپکو اسپوکن ٹیوٹوریلس اور فائلس کا ایک سیٹ دیا گیا ہے۔

۲۔آپ ایک وقت میں صرف ایک مخصوص ٹیوٹوریل ہی کریں گے۔

۳۔آپ اسپوکن ٹیوٹوریل سُن سکتے ہیں اور ویڈیو میں دکھائے گئے سارے سٹیپ کو دوبارہ کریں۔

۴۔اگر آپکو مندرجہ بالا کرنے میں دقت آتی ہے تو آپ پورے ٹیوٹوریل کو ایک بار سُنیں اور دوبارہ سُنتے وقت مشق کریں۔

## ۳۔لبرے آفس Writer

۱۔"select FOSS"یا"All FOSS Categories"پر کلِک کریں، نیچے جائیں اور "LibreOffice Writer" منتخب کریں۔

۲۔"Select Language" یا"All Languages"پر کلِک کریں، نیچے جائیں اور جس زبان میں آپ سیکھنا چاہتے ہیں اُس زبان (ہندی، مراٹھی، انگریزی۔۔۔۔) کو منتخب کریں۔

۳۔ "Submit"بٹن پر کلِک کریں۔

۴۔آپ اپنے انتخاب کی بنیاد پر ٹیوٹوریلس کی فہرست دیکھیں گے۔

## ۴۔پہلا ٹیوٹوریل: تعارُف(Introduction)

۱۔ Introduction موضوع پر جائیں اور اُس پر کلِک کریں۔

۲۔ٹیوٹوریَل کو دیکھنے کیلئے پلیئر میں موجود پلے آئکن پر کلک کریں۔

۳۔پلیئر کے نیچے لازمی(Pre-requisite) ضروریات دِکھے گا(صرف آنلائن کنٹینٹس کے لئے)۔

۴۔پلیئر کے نیچے آوٹ لائن،تفویض،کوڈ فائلس اور سلائڈس دستیاب ہیں۔

۵۔براؤزر کا سائز اس طرح ایڈجسٹ کریں کہ آپ ساتھ-ساتھ مشق بھی کر سکیں۔

## ۴.۱۔ Linux OS پر مشق کرنے کیلئے ہدایات

(ا)۔ ٹیوٹوریَلس لِنکس پر سمجھائے گئے ہیں۔

(ب)۔یہ لِنکس یوزرس کیلئے سیکھنے میں آسان ہوگا جیسا کہ ٹیوٹوریَلس میں سِکھایا گیا ہے۔

## ۴.۲۔ وِنڈوزOS پر مشق کرنے کیلئے ہدایات

(ا)۔1.44 سے 1.58 منٹ تک کا ویڈیو(ٹیوٹوریَل میں) یہ دِکھاتا ہے کہ اُبنٹو لِنکس OS میں LibreOffice Suite کیسے کھولیں۔

(ب)۔وِنڈوز پر آپکو Start>>All programs>>LibreOffice suite پر کلِک کرنا ہے۔

## ۴.۳۔ مشق کیلئے ہدایات

(ا)۔ڈیسک ٹاپ پر اپنے "نیم-رول نمبر-کمپونٹ" کے ساتھ ایک فولڈر بنائیں۔(مثلاً "vin-04-Writer")

(ب)۔جو فائلس سیو کرنی ہیں،اُنکو ایک مخصوص نام دیں جس سے اگلی بار وہ آسانی سے پہچانی جا سکیں۔ (مثلاً "Practice-1-vin")

(پ)۔اپنا سارا کام اپنے فولڈر میں سیو کرنا یاد رکھیں۔

(ت)۔ایسا کرنا اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کی فائل کسی دوسری فائل سے اوور رائٹ نہ ہو جائے۔

(ٹ)۔اپنے کام کو آخر میں سیو کرنے کے بجائے وقفے-وقفے سے سیو کرتے رہیں۔

## ۴.۴۔ تفویض یعنی مشق کرنے کیلئے عام ہدایات

(ا)۔ ٹیوٹوریَل میں دی گئی تفویض کی مشق کریں

(ب)۔ اپنا کام اپنے فولڈر میں سیو کریں۔

## ۴.۵۔ کوڈ فائلس استعمال کرنے کیلئے عام ہدایات

(ا)۔ پلیئر کے نیچے موجود "Code files" لِنک پر کلِک کریں اور اسے اپنے فولڈر میں سیو کریں۔

(ب)۔ ڈاونلوڈ کی گئی zip فائل کو ایکسٹریکٹ کریں۔

(پ)۔ آپ اُس مخصوص ٹیوٹوریَل میں استعمال کی گئی ساری کوڈ/سورس فائلس دیکھیں گے۔

(ت) ۔اُس مخصوص ٹیوٹوریل میں دی گئی ہدایات کے مطابق ان فائلس کو استعمال کریں۔

**٦۔ پورے ٹیوٹوریل کو پلے-پاز کر کے اسکی مشق کریں۔**

**٧۔ ایک بار ٹیوٹوریل پورا ہو جائے، تو پلیئر کے نیچے یا دائیں طرف موجود فہرست میں سے اگلا ٹیوٹوریل چُنیں۔**

**٨۔ مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق سارے ٹیوٹوریلس مکمل کریں۔**